روزنامہ
الفضل
ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

پیر 5 جنوری 2009ء 7 محرم 1430 ہجری 5 صلح 1388 ہش جلد 59-94 نمبر 4

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

اس میں کس ایماندار کو کلام ہے کہ حضرت امام حسین اور امام حسن رضی اللہ عنھما خدا کے برگزیدہ اور صاحب کمال اور صاحب عفت اور عصمت اور ائمۃ الھدیٰ تھے اور وہ بلاشبہ دونوں معنوں کی رو سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے آل تھے۔ (تریاق القلوب روحانی خزائن جلد 15 ص 364)

ایک روایت میں ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے گیارہ بیٹے فوت ہوئے تھے اور پھر انبیاء کو تو رہنے دو۔ امام حسینؓ کو دیکھو کہ ان پر کیسی کیسی تکلیفیں آئیں۔ آخری وقت میں جو ان کو ابتلاء آیا تھا کتنا خوفناک ہے۔ لکھا ہے کہ اس وقت ان کی عمر ستاون برس کی تھی اور کچھ آدمی ان کے ساتھ تھے۔ جب سولہ یا سترہ آدمی ان کے مارے گئے اور ہر طرح کی گھبراہٹ اور لاچاری کا سامنا ہوا تو پھر ان پر پانی کا پینا بند کر دیا گیا۔ اور ایسا اندھیر مچایا گیا کہ عورتوں اور بچوں پر بھی حملے کئے گئے اور لوگ بول اٹھے کہ اس وقت عربوں کی حمیت اور غیرت ذرا بھی باقی نہیں رہی۔ اب دیکھو کہ عورتوں اور بچوں تک بھی ان کے قتل کئے گئے اور یہ سب کچھ درجہ دینے کے لئے تھا۔ (ملفوظات جلد پنجم ص 336)

آل محمدؐ اور اہل بیت کے بارے میں حضرت مسیح موعودؑ فرماتے ہیں۔

جان و دلم فدائے جمال محمدؐ است
خاکم نثار کوچۂ آل محمدؐ است

ترجمہ:۔ میری جان و دل حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے جمال پر فدا ہیں اور میری خاک آل محمدؐ کے کوچہ پر قربان ہے۔ (مجموعہ اشتہارات جلد اول ص 97)

ہم ان کو راستباز اور متقی سمجھتے ہیں۔ (ملفوظات جلد پنجم ص 328)

حضرت امام حسین سید المظلومین تھے۔ (ترجمہ عربی عبارت سرالخلافہ۔ روحانی خزائن جلد 8 ص 353)

سینے سے لگایا

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ایک دفعہ گھر سے نکلے تو حضرت حسینؓ رستہ میں کھیل رہے تھے۔ رسول اللہ ﷺ تیزی سے لوگوں سے آگے بڑھ گئے اور دونوں ہاتھ پھیلا کر اسے پکڑنے لگے مگر حسینؓ ادھر ادھر بھاگ جاتے تھے۔ حضورؐ ان کے ساتھ کھیلتے رہے اور پھر انہیں اپنے سینے کے ساتھ لگا لیا۔

(الادب المفرد باب معانقۃ الصبی)

درخواست دعا

☆ خدا تعالیٰ کی راہ میں قید کئے جانے والے مختلف احباب جماعت کی باعزت رہائی کیلئے درخواست دعا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان اسیران راہ مولیٰ کو اپنی حفظ و امان میں رکھے اور ان کو ہر قسم کی پریشانی سے بچائے۔ آمین

سیکرٹریان تعلیم القرآن متوجہ ہوں

نظارت تعلیم القرآن کے زیر اہتمام 12 تا 18 دسمبر 2008ء ہفتہ تعلیم القرآن منانے کا تمام جماعتوں کو پروگرام دیا گیا تھا۔ نیز درخواست کی گئی تھی کہ اس ہفتہ کی کارکردگی کی رپورٹ الگ طور پر ارسال کی جائے۔ ابھی تک بہت کم جماعتوں سے اس کی رپورٹ موصول ہوئی ہے براہ کرم کارکردگی کی رپورٹ جلد از جلد ارسال فرمائیں۔ اس میں دو بنیادی امور کی طرف خصوصی توجہ دلائی گئی تھی کہ قرآن کریم ناظرہ نہ جاننے والوں کی تعداد اور ان کو پڑھانے کے لئے کلاس کا انتظام اور روزانہ تلاوت کرنے والوں کی تعداد اور ان میں اضافہ کی کوشش۔

امید ہے کہ آپ تعلیم القرآن کی اہمیت کے پیش نظر یہ رپورٹ ضرور ارسال فرمائیں گے۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو قرآن کریم کی حقیقی خدمت کی توفیق سے نوازتا رہے۔ آمین

(نظارت تعلیم القرآن ووقف عارضی ربوہ)

کامیابی

مکرم عرفان احمد صاحب ولد مکرم سلطان احمد صاحب دارالرحمت غربی ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

مورخہ 6 دسمبر 2008ء کو ڈسٹرکٹ لیول پر اردو مضمون نویسی کے مقابلہ میں گورنمنٹ تعلیم الاسلام کالج ربوہ کی طرف سے خاکسار کلاس سیکنڈ ائیر (پری میڈیکل) نے دوسری پوزیشن حاصل کی۔ احباب جماعت کی خدمت میں دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ مزید کامیابیوں سے نوازتا چلا جائے۔ آمین

معبود برحق

یہی معبود برحق ہے جسے جبار کہتے ہیں
یہی معبود برحق ہے جسے قہار کہتے ہیں
یہی معبود برحق ہے جسے غفار کہتے ہیں
یہی معبود برحق ہے جسے ستار کہتے ہیں
یہی معبود برحق ہے کہ جو عالی و فائق ہے
یہی معبود برحق ہے کہ رات اور دن کا خالق ہے
یہی معبود برحق ہے کہ جو معبود کل ہووے
یہی معبود برحق ہے کہ جو مسجود کل ہووے
یہی معبود برحق ہے کہ مذکور زباں ہووے
یہی معبود برحق ہے کہ معروف جہاں ہووے
یہی معبود برحق ہے کہ احساں اس کا بالا ہے
یہی معبود برحق ہے کہ احساں کرنے والا ہے
یہی معبود برحق ہے کہ شان اس کی نرالی ہے
کوئی دن اور کوئی لحظہ نہ امر حق سے خالی ہے
یہی معبود برحق ہے مرا ایمان اس پر ہے
یہی معبود برحق ہے کہ اطمینان اس پر ہے
یہی معبود برحق ہے امانت اس سے جاری ہے
اسی کی پاک امانت سے میسر دینداری ہے
نہیں طاقت سوا اس کے بدی سے باز رہنے کی
وہی توفیق دیتا ہے کلام نیک کہنے کی
وہی معبود برحق ہے عبادت اس کی شایاں ہے
وہی معبود برحق ہے کہ حق اس کا نمایاں ہے
وہی معبود برحق ہے صداقت اور ایماں سے
وہی معبود برحق ہے میں کہتا ہوں دل و جاں سے
وہی معبود برحق ہے کرو سب بندگی اس کی
ہماری بندگی کرنے میں ہے خورسندگی اس کی
وہی معبود برحق ہے کہ قبل از کل وجود اس کا
وہی معبود برحق ہے کہ بعد از کل نمود اس کا
وہی معبود برحق ہے کہ ہے جس کو بقاء دائم
فنا اور موت سب کو ہے نظر آتے ہیں جو قائم
وہی معبود برحق ہے کہ عظمت میں وہ اعلیٰ ہے
وہی معبود برحق ہے کہ کرم اور حکم والا ہے
وہی معبود برحق ہے کہ اکرم ہے کریموں سے
وہی معبود برحق ہے کہ ارحم ہے رحیموں سے
وہ ان کو دوست رکھتا ہے کہ توبہ ہے شعار ان کا
کراتا وا ہے باب رحم عجز و انکسار ان کا
وہی معبود برحق ہے کہ گمراہوں کا ہادی ہے
گرہ میں باندھنے کی بات ہے جو یہ سنا دی ہے
وہی معبود برحق ہے پناہ ہے داد خواہوں کی
اسی کی ذات ہے فریادرس فریاد خواہوں کی
وہی معبود برحق ہے کہ خیر الناصریں وہ ہے
وہی معبود برحق ہے کہ خیرالحافظیں وہ ہے
وہی معبود برحق ہے کہ خیر الوارثیں وہ ہے
وہی معبود برحق ہے کہ خیر الحاکمیں وہ ہے
وہی معبود برحق ہے کہ خیر الرازقیں وہ ہے
وہی معبود برحق ہے کہ خیر الفاتحیں وہ ہے
وہی معبود برحق ہے کہ خیر الغافریں وہ ہے
وہی معبود برحق ہے کہ خیر الراحمیں وہ ہے

(الحکم 16 جون 1899ء)

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

مکرم مولانا محمد اشرف صاحب ناصر

حضرت امام حسینؓ کا عالی مقام

حضرت امام حسینؓ تاریخ اسلام کی وہ مشہور شخصیت ہیں جن کی یاد آج بھی صدیاں گزرنے کے بعد ہر سال تازہ ہو جاتی ہے اور یہ نام قیامت تک اسی طرح روشن و تابندہ رہے گا۔ کیونکہ خلفائے راشدینؓ کے عہد کے بعد جس واقعہ نے اسلام کی دینی، سیاسی اور اجتماعی تاریخ پر سب سے زیادہ گہرا اثر ڈالا ہے وہ امام حسینؓ کی شہادت کا عظیم واقعہ ہے۔ دنیا کے کسی المناک حادثہ پر نسل انسانی کے اس قدر آنسو نہ بہے ہوں گے جس قدر اس حادثہ پر بہہ چکے ہیں۔ چودہ سو برس میں چودہ سو محرم گزر چکے ہیں اور ہر محرم اس حادثہ کی یاد تازہ کرتا رہا۔ یہ معرکہ کربلا ایک الگ موضوع ہے جو بڑا تفصیل طلب ہے۔ میرے اس مضمون کا مقصد یہ ہے کہ حضرت امام حسینؓ بحیثیت ایک انسان کے کس نمایاں حیثیت کے حامل تھے۔

3 شعبان 4ھ بروز دوشنبہ بمطابق 8 جنوری 626ء مدینہ منورہ میں حضرت امام حسنؓ حضرت فاطمہؓ بنت رسول اللہ ﷺ کے بطن سے حضرت علیؓ کے گھر پیدا ہوئے۔ آپؓ کی ولادت سے قبل حضرت ام فضلؓ جو نبی کریم ﷺ کے چچا حضرت عباسؓ بن عبدالمطلب کی پھوپھی ہیں حضورؐ کی خدمت میں حاضر ہوئیں اور عرض کیا کہ یا رسول اللہ! آج رات مَیں نے نہایت ہی خوفناک اور ہولناک خواب دیکھا ہے۔ آپؐ نے فرمایا کیا خواب دیکھا ہے؟ حضرت ام فضلؓ نے کہا کہ مَیں نے خواب دیکھا کہ فرشتہ آیا اور اس نے حضورؐ کے جسم اطہر سے گوشت کا ایک ٹکڑا کاٹ کر میری گود میں رکھ دیا۔ آنحضرت ﷺ نے خواب سن کر فرمایا کہ تم نے بہت مبارک اور مبشر خواب دیکھا ہے۔ انشاء اللہ میری بیٹی فاطمہؓ کے ہاں لڑکا پیدا ہوگا جو تمہاری گود میں پرورش پائے گا۔ اس خواب کے بعد حضرت فاطمہؓ سے حضرت حسینؓ پیدا ہوئے اور ام فضلؓ ہی ان کی کھلائی پر مقرر ہوئیں۔

ولادت کے بعد حضرت حسینؓ کو آنحضرت ﷺ کی خدمت میں پیش کیا گیا۔ آپؐ ان کو دیکھ کر بہت مسرور ہوئے۔ آپؐ نے ان کے دونوں کانوں میں اذان و اقامت کہی۔ ساتویں دن عقیقہ کروایا۔ حضرت امام حسینؓ کا جسم نبی کریم ﷺ کے جسم مبارک کے ساتھ بہت مشابہت رکھتا تھا۔

(البدایہ والنہایہ جلد 6 صفحہ 150)

آنحضرت ﷺ حضرت حسنؓ و حسینؓ سے نہایت درجہ محبت فرماتے تھے جس کا اظہار رحمۃ للعالمینؐ کے مختلف اقوال اور مختلف معاملات سے ہوتا ہے۔ حسنؓ و حسینؓ کو ذرا سی بھی تکلیف ہوتی تو آنحضرت ﷺ سخت بے چین ہو جاتے۔ ایک بار آپؐ حضرت فاطمہؓ کے مکان کے پاس سے گزر رہے تھے کہ حسینؓ کے رونے کی آواز آئی جس پر آپؐ تڑپ اٹھے۔

ایک دن رسول کریم ﷺ حالت سجدہ میں تھے کہ حسینؓ آپؐ کی پشت پر سوار ہو گئے جب تک حسینؓ اتر نہ گئے نبی کریم ﷺ نے سجدے سے اپنا سر نہ اٹھایا۔

حضرت امام حسینؓ سے حضورؐ کی محبت اور قلبی تعلق کا اندازہ آپؐ کے الفاظ سے کیا جا سکتا ہے کہ حسینؓ مجھ سے ہے اور مَیں حسینؓ سے ہوں۔ حضرت عبدالحق محدث دہلوی مدارج النبوۃ جلد اول میں فرماتے ہیں۔

رسول اللہؐ کی صاحبزادیوں کی اولاد کی نسبت حضورؐ کی طرف جاتی ہے۔ چنانچہ رسول اللہؐ نے فرمایا ہر نبی کی اولاد اس کے صلب سے ہے اور میری اولاد علی کے صلب سے ہے۔ آپؐ نے فرمایا یہ دونوں (حسنؓ و حسینؓ) میری بیٹی کے فرزند ہیں۔ اے خدا! میں ان دونوں کو محبوب رکھتا ہوں تو بھی انہیں محبوب رکھ اور جو انہیں محبوب رکھے تو انہیں بھی محبوب رکھ۔

ایک دوسری حدیث میں ہے کہ آپؐ نے فرمایا۔ یہ میرے دونوں فرزند دنیا کے میرے دو پھول ہیں۔

حضرت حسینؓ نے مختلف اوقات میں پانچ شادیاں کیں۔

سب سے پہلی بیوی کا نام شہر بانو ہے۔ یہ یزدجرد کی بیٹی اور ایران کی شہزادی تھیں۔ حضرت عمرؓ کے زمانہ میں اسیر ہو کر آئیں اور آپ نے یہ کہہ کر کہ یہ شہزادی کسی شہزادے کے لائق ہے حضرت امام حسینؓ کو عطا کر دی۔ ان کے بطن سے حضرت علی المعروف زین العابدین پیدا ہوئے۔

دوسری زوجہ حضرت لیلیٰ تھیں جن سے حضرت علی اکبر شہید کربلا پیدا ہوئے۔

تیسری زوجہ کا نام حضرت ام جعفر تھا جو قبیلہ قضاعہ سے تعلق رکھتی تھیں ان سے ایک بیٹا پیدا ہوا جو صغر سنی میں فوت ہو گیا جن کا نام جعفر تھا۔

آپ کی چوتھی زوجہ حضرت رباب بنت امرئ القیس الکلبی تھیں جن سے حضرت سکینہ پیدا ہوئیں۔

اور آپؓ کی پانچویں بیوی حضرت ام اسحاق تھیں جن سے حضرت علی اصغر (شہید کربلا) اور فاطمہ پیدا ہوئیں۔

نبی کریم ﷺ کی وفات کے بعد خلفائے ثلاثہؓ بھی آپ کو بے حد عزیز رکھتے تھے اور بڑی عزت کرتے تھے۔ آنحضرت ﷺ کے وصال کے بعد جب حضرت ابوبکر صدیقؓ خلیفہ ہوئے تو آپؓ دونوں بھائیوں یعنی حسنؓ و حسینؓ سے نہایت محبت اور الفت کے ساتھ پیش آتے تھے۔ فاروق اعظمؓ اپنے عہد میں صدیق اکبرؓ سے بھی زیادہ حضرت حسینؓ کا خیال اور لحاظ رکھتے تھے۔ جب کسریٰ اور قیصر کے خزانے مدینہ میں آنے لگے اور روپے کی نہایت ریل پیل ہو گئی تو حضرت فاروق اعظمؓ نے سب مسلمانوں کے وظیفے مقرر کر دیئے۔ دوسروں کو جہاں دو ہزار سالانہ فی کس ملتے تھے وہاں حضرت حسینؓ کو (صرف رسول اللہ ﷺ کا نواسہ ہونے کی وجہ سے) پانچ ہزار سالانہ کا عطیہ ملتا تھا۔ حضرت فاروق اعظمؓ کی شفقت کا ایک عجیب واقعہ حافظ ابن کثیر نے البدایہ والنہایہ جلد 8 صفحہ 208 میں ذکر فرمایا ہے جس کا خلاصہ یہ ہے کہ:۔

ایک مرتبہ ملک یمن سے کچھ حلّے (عرب کا مخصوص لباس جس میں ایک چادر اور ایک تہ بند ایک رنگ کا ہوتا ہے) آئے۔ حضرت فاروق اعظمؓ نے حسب معمول ان کو تقسیم کروایا اور ان میں سے صحابہ کرامؓ کے صاحبزادوں کو بھی دیئے گئے۔ لیکن حضرت حسنؓ و حسینؓ کے بارے میں ارشاد فرمایا کہ یہ حلّے اس درجہ کے نہیں جو ان حضرات کے شایان شان ہوں اس لئے خصوصیت کے ساتھ یمن کے حاکم کے پاس یہ پیغام پہنچایا اور ایسے دو حلّے منگوائے جو نہایت عمدہ تھے اور ان حضرات کے شایان شان تھے۔

صحابہ کرامؓ کا جذبہ محبت جو ان ہستیوں کے ساتھ تھا دیکھنے کے قابل تھا۔ چنانچہ جب حضرت حسنؓ و حسینؓ حج کے موقع پر طواف فرماتے تو مسلمانوں کا عظیم الشان ہجوم ان حضرات کو گھیر لیتا اور فرط محبت سے یہ مجمع آپؓ کے لئے دعائے سلامتی کرتا۔ ایک دن حضرت عبداللہ بن عمروؓ بن العاص خانہ کعبہ کے قریب بیٹھے ہوئے تھے۔ سامنے سے حضرت حسینؓ آتے ہوئے نظر آئے۔ حضرت حسینؓ کے چہرہ انور کو دیکھ کر آپ نے والہانہ جذبہ سے کہا۔ کہ یہ حضرت حسینؓ ہیں جو روئے زمین کے تمام انسانوں میں سے آسمانی مخلوق یعنی فرشتوں کی نظر میں سب سے زیادہ محبوب ہیں۔

حضرت عمرؓ کے بعد حضرت عثمانؓ کے زمانہ میں بھی یہ وظیفہ ان کو برابر ملتا رہا۔ مگر جب حضرت علیؓ کے بعد حضرت حسنؓ نے امیر معاویہؓ کو سلطنت دے کر ان سے صلح کر لی تو صلح نامہ میں منجملہ اور شرطوں کے یہ شرط بھی لکھی گئی کہ صوبہ اہواز کا سارا خراج حسن کو دیا جایا کرے گا اور کوفہ کے خزانہ میں جو پچاس لاکھ درہم موجود ہیں وہ سب کے سب حسنؓ کی ملکیت تصور ہوں گے تا کہ وہ ان سے اپنے قرضے ادا کریں۔ اس کے علاوہ بیس لاکھ درہم سالانہ امام حسینؓ کو وظیفہ دیا جائے گا۔ امیر شام نے نہایت خندہ پیشانی کے ساتھ ان شرائط کو قبول کیا اور جب تک امیر معاویہ زندہ رہے برابر حضرت حسینؓ کو گھر بیٹھے بیس لاکھ سالانہ باقاعدگی سے وصول ہوتے رہے۔

(تاریخ الامت جلد دوئم صفحہ 207)

علاوہ اس مقررہ وظیفہ کے دس لاکھ درہم سالانہ دربار شام سے حضرت حسینؓ کو مزید پہنچتے رہتے تھے۔ اسی پر بس نہیں بلکہ وقتاً فوقتاً کثیر مال و متاع عطیات و نذرانوں کی صورت میں امیر معاویہؓ حضرت حسینؓ کی خدمت میں پیش کرتے رہتے تھے۔

(ناسخ التواریخ جلد ششم کتاب دوم صفحہ 78)

لیکن اتنا کچھ ملنے کے باوجود آپؓ انتہائی سادہ زندگی بسر کرتے اور دنیا کے مال و جاہ سے طبعی نفرت تھی۔ دنیوی دولت و جاہ کو کبھی آپ نے پسند نہیں فرمایا۔ نبی کریم ﷺ کے اسوہ حسنہ کی پیروی کی پوری پوری کوشش فرماتے تھے اور آپؓ کی زندگی کے ہر گوشہ میں کمال اتباع سنت نمایاں طور پر موجود تھی حضرت حسینؓ کے مندرجہ ذیل اشعار سے ان کے پاک قلبی جذبات اور علو ہمت ہونے کا بخوبی اندازہ ہو سکتا ہے۔

آپ اپنے اشعار میں فرماتے ہیں:۔

ترجمہ:۔ اگر یہ بات صحیح ہے کہ دنیا کی نعمتیں ایک نفیس چیز شمار کی جاتی ہیں تو دار آخرت میں جو ثواب ملے گا وہ بہت اعلیٰ اور بہت بہتر ہے۔

اور چونکہ یہ تمام بدن انسانوں کے فنا ہی کے لئے بنائے گئے ہیں لہٰذا انسان کا اللہ کے راستے میں جہاد کرتے ہوئے فنا ہو جانا سب سے بہتر ہے۔

اور چونکہ تمام روزیاں اللہ تعالیٰ نے مقدر فرما دی ہیں لہٰذا انسان کا روزی کمانے میں مختصر سی کوشش کرنا ہی زیادہ مناسب ہے۔

اور چونکہ سارے اموال جو جمع ہوتے ہیں بالآخر ایک دن ان کو چھوڑنا ہی ہے۔ پھر تعجب کی بات ہے کہ جو چیز چھوڑنی ہے اس کے خرچ کرنے میں انسان کیوں بخل کرتا ہے۔

ان اشعار مذکورہ بالا سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ حضرت حسینؓ کے قلبی جذبات کس قدر پاکیزہ تھے اور آپ کی ہمت کس درجہ بلند تھی اور آپ کو دنیوی مال و جاہ سے کوئی قلبی تعلق نہ تھا۔ یہی وجہ ہے کہ حضرت حسینؓ کی پوری زندگی عبادات میں صرف ہو گئی اور جب موقع ہوا تو جہاد فی سبیل اللہ میں پوری جدوجہد کے ساتھ مشغول ہو گئے اور اعلائے کلمۃ الحق میں ہر قسم کی قربانیاں پیش فرمائیں۔

یزید کے دور حکومت میں جب نظام اسلام میں بہت خلل اور خامیاں رونما ہوئیں تو اصلاح کی کوشش فرمائی اور اس کوشش میں ظالموں اور جبر و تشدد کے عادی صاحب اقتدار امراء کے ساتھ جب قتال کی نوبت آئی تو بغیر کسی خوف و جھجک کے مقابلہ کے لئے تیار ہو گئے اور بالآخر ظالموں کے ہاتھوں جام شہادت نوش فرمایا اور امت مسلمہ کو یہ عبرت آموز درس دیا کہ مقصد حیات اللہ تعالیٰ کی بندگی اور حصول رضا ہے اگر اس سلسلہ میں جان دینے کی نوبت آئے تو اس سے بھی دریغ نہ کیا جائے۔

غرضیکہ حضرت حسینؓ نے کمال زہد کے ساتھ پوری زندگی گزار دی۔ آپ عبادت کا خاص اہتمام فرماتے۔ آپ کا معمول تھا کہ کثرت سے اعتکاف فرمایا کرتے تا کہ دلجمعی اور سکون کے ساتھ ذکر الٰہی میں مشغول رہ سکیں۔ قرآن کریم کے نکات اور حدیث نبویؐ کے دقائق بیان کرنے میں ایک خاص

باقی صفحہ 5 پر

صدر انجمن احمدیہ پاکستان کی طرف سے
اسیران راہ مولیٰ کے اعزاز میں ایک تقریب

صدر انجمن احمدیہ پاکستان کی طرف سے اسیران راہ مولیٰ کے اعزاز میں مورخہ 5 دسمبر 2008ء کوساڑھے دو بجے دوپہر دفاتر تحریک جدید کے سبزہ زار میں ایک دعوت کا اہتمام کیا گیا۔ یہ تقریب ان احباب کے اعزاز میں منعقد کی گئی جن پر نہ صرف مختلف مقدمات قائم ہوئے بلکہ وہ خدا کی راہ میں اسیر بھی رہے۔ اس تقریب میں شامل ہونے والے اسیران راہ مولیٰ وہ تھے جو گزشتہ ڈیڑھ دوسال کے عرصہ کے دوران مختلف مقدمات میں گرفتار ہوئے اور پھر ضمانت پر رہا یا بری ہو چکے ہیں۔ اس تقریب کے مہمان خصوصی محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب ناظر اعلیٰ وامیر مقامی تھے۔ تلاوت قرآن کریم کے بعد مکرم سلیم الدین صاحب ناظر امور عامہ نے اس تقریب کے تعارف پر مشتمل رپورٹ پیش کی۔ جس میں انہوں نے رہائی پانے والے پچاس اسیران راہ مولیٰ کا تعارف پیش کیا اور ان پر بنائے جانے والے مقدمات کی تفصیل سے آگاہ کیا۔ انہوں نے حاضرین کو بتایا کہ 1984ء تا حال 3ہزار 300 سے زائد احباب جماعت کے خلاف مختلف دفعات کے تحت مقدمات درج ہو چکے ہیں انہوں نے مندرجہ ذیل اسیران کا تعارف پیش کیا جن میں سے اکثر اس تقریب میں موجود تھے تعارف درج ذیل ہے۔

مکرم حق نواز صاحب اور مکرم نذیر احمد صاحب

چک 20 لگھ ضلع جھنگ ہر دو کے ہمراہ دیگر دو احباب کے خلاف 12 اکتوبر 1998ء کو 295-C کے تحت مقدمہ درج ہوا تھا جس کو بعد میں 298-C میں تبدیل کر دیا گیا۔ مجسٹریٹ شورکوٹ نے 5 جون 2006ء کو ان دونوں احباب جماعت کو دو دو سال قید اور جرمانے کی سزا سنائی۔ جولائی 2006ء میں سیشن کورٹ نے سزا بحال رکھی۔ ہائی کورٹ سے اگست 2006ء میں ایک ماہ کی اسیری کے بعد ضمانت پر رہا ہوئے۔

(نوٹ 295-C توہین رسالت کے متعلق اور 298-C اینٹی احمدیہ آرڈیننس کی دفعہ ہے)

مکرم طارق احمد صاحب آف بدین کے خلاف 29 اپریل 2000ء کو 298-C، 295-C، 298-A کے تحت تھانہ بدین میں مقدمہ درج ہوا تھا اور 22 اکتوبر 2004ء کو گرفتاری عمل میں آئی، پانچ ماہ کی اسیری کے بعد ضمانت پر رہائی کے بعد مقدمہ زیر سماعت رہا۔ 25 اگست 2008ء کو سیشن کورٹ بدین نے آپ کو باعزت بری کر دیا۔

مکرم منصور احمد صاحب (خادم بیت الذکر) اونچا مانگٹ ضلع حافظ آباد کے خلاف دیگر دو احباب **مکرم شہادت علی صاحب اور مکرم حفیظ الرحمٰن شاکر صاحب** کے ہمراہ 18 دسمبر 2004ء کو تھانہ کسوکی ضلع حافظ آباد میں بجرم B-295 مقدمہ درج ہوا۔ ان ملزمان پر قرآنی اوراق جلانے کا جھوٹا الزام تھا۔ دیگر ملزمان کو عدالت نے 12 نومبر 2005ء کو بری کر دیا تھا۔ جبکہ منصور احمد صاحب کو عمر قید کی سزا سنائی گئی اور دو سال پانچ ماہ بارہ یوم کی اسیری کے بعد آپ کی 30 مئی 2007ء کو ہائی کورٹ سے ضمانت پر رہائی ہوئی۔

مکرم رحمٰن ہاشمی صاحب احمد نگر کے خلاف تھانہ ربوہ میں 3 مئی 2005ء کو ایک معاند احمدیت نے بے جا الزامات کے تحت لڑائی جھگڑے کا مقدمہ درج کروا دیا۔ آپ 14 مئی 2005ء کو گرفتار ہوئے اور 30 مئی 2005ء کو ضمانت پر 16 دن بعد رہائی ہوئی۔ اندراج مقدمہ کے وقت ان کی عمر محض 14/15 سال تھی اور ان کے والد صاحب وفات پا چکے تھے۔

مکرم ناصر احمد صاحب، مکرم طارق محمود صاحب، مکرم محمد یونس صاحب اور مکرم ناصر محمود صاحب چک 192 مراد ضلع بہاولپور

چک 192 مراد ضلع بہاولپور کے 14 احباب جماعت کے خلاف 342,365,295-C کے تحت 17 جون 2005ء کو مقدمہ درج ہوا تھا۔ بعد میں 337-L,295-B کا اضافہ کر دیا گیا۔ 21 دسمبر 2005ء کو ان مذکورہ ملزمان کو عدالت نے ایک ایک سال قید اور جرمانے کی سزا سنائی۔ 10 مئی 2006ء کو انسداد دہشت گردی کورٹ سے ضمانت پر رہا ہوئے۔ ان میں سے ناصر محمود صاحب ولد محمد صادق صاحب دو ماہ تک اور باقی تینوں احباب ڈیڑھ سال تک اسیر رہے۔

مکرم ظہیر احمد صاحب اور مکرم وقار احمد صاحب جنڈو ساہی ضلع سیالکوٹ کے خلاف 24 جون 2006ء کو قرآن کریم کے اوراق جلانے کے بے بنیاد الزام کے تحت تھانہ بمبانوالہ ضلع سیالکوٹ میں مقدمہ درج ہوا۔ اندراج مقدمہ کے ساتھ ہی گرفتاری عمل میں آئی اور دو ماہ اسیر رہنے کے بعد رہائی عمل میں آئی۔

مکرم سلطان احمد ڈوگر صاحب ربوہ سرکاری انتظامیہ کی طرف سے روزنامہ الفضل کے خلاف قائم مقدمات میں مکرم سلطان احمد ڈوگر صاحب بطور پرنٹر ملزم نامزد ہوئے۔ پہلا مقدمہ 9 ستمبر 2006ء کو 298-C,B اور 9ATA کے تحت درج ہوا۔ جبکہ دوسرا مقدمہ 17 نومبر 2006ء کو 295-C,B کے تحت درج ہوا۔ پہلے مقدمہ کے اندراج کے ساتھ ہی گرفتاری عمل میں آئی اور 2 دسمبر 2006ء کو سیشن کورٹ چنیوٹ سے ضمانت منظور ہونے پر دو ماہ چوبیس یوم کی اسیری کے بعد رہا ہوئے۔

مکرم سعید احمد صاحب چک 152 شمالی سرگودھا کے خلاف تھانہ شاہ نکڈر ضلع سرگودھا میں زیر دفعہ 298-C مورخہ 8 جون 2007ء کو مقدمہ درج ہوا۔ اندراج مقدمہ کے ساتھ ہی گرفتاری عمل میں آئی۔ 18 جولائی 2007ء کو عدالت نے آپ کو باعزت بری کر دیا اور ایک ماہ گیارہ دن کی اسیری کے بعد رہائی عمل میں آئی۔ آپ کی عمر تقریباً 75 سال ہے۔

مکرم منظور احمد صاحب مڑھ بلوچاں سانگلہ ہل کے خلاف تھانہ سانگلہ ہل میں 4 جنوری 2008ء کو 295-A کے تحت مقدمہ درج ہوا۔ آپ پر پول پر لگے ایک اشتہار کو اتار کر پھاڑنے کا الزام ہے۔ دل کے مریض ہیں ایک یوم اسیر رہنے کے بعد ضمانت پر رہائی عمل میں آئی اور اب مقدمہ زیر سماعت ہے۔

مکرم الطاف حسین صاحب کبیر والا ضلع خانیوال کے خلاف 3 مارچ 2008ء کو قرآن مجید کی بے حرمتی کے بے بنیاد الزام کے تحت زیر دفعہ B-295 مقدمہ درج ہوا اور گرفتاری عمل میں آئی۔ آپ کی عمر 80 سال ہے۔ اونچا سنتے ہیں۔ گھر سے باہر کھمبے پر لگا بجلی کا میٹر چیک کر رہے تھے اسی کھمبے پر ایک ڈبہ لگا تھا جو بوسیدہ قرآنی اوراق ڈالنے کے لئے تھے۔ مخالفین کی طرف سے قرآن کریم کی توہین کا بے بنیاد الزام لگا کر مقدمہ درج ہوا اور گرفتاری عمل میں آئی۔ ہائی کورٹ سے 30 جون 2008ء میں ضمانت پر رہا ہوئے۔ باوجود عمر 80 سال ہونے کے ہمت سے اسیری میں چار ماہ کا عرصہ گزارا۔ 30 جون 2008ء کو ایڈیشنل سیشن جج خانیوال نے بری کر دیا۔

مکرم ناصر احمد صاحب کوٹری ضلع حیدر آباد کے خلاف 9 مئی 2008ء کو تھانہ کوٹری میں بجرم 298-C مقدمہ درج ہوا۔ مخالفین نے ان کے گھر پر بھی حملہ کیا۔ شدید تشدد کا نشانہ بنایا۔ 9 مئی کو گرفتاری عمل میں آئی جون 2008ء میں رہائی عمل میں آئی۔ اور ایک ماہ اسیر رہے۔

مکرم رب نواز صاحب ڈیرہ غازی خان کے خلاف 27 مئی 2008ء کو خلافت احمدیہ صد سالہ جوبلی کے موقعہ پر مقدمہ درج ہوا۔ اندراج مقدمہ کے ساتھ ہی گرفتاری عمل میں آئی اور 12 جون 2008ء کو 17 یوم کی اسیری کے بعد ضمانت پر رہائی عمل میں آئی۔ اب مقدمہ زیر سماعت ہے۔

مکرم محمد فاروق صاحب بچہ مربی سلسلہ اور مکرم محمد احسان صاحب کوٹ مومن ضلع سرگودھا کے خلاف 27 مئی 2008ء کو تھانہ کوٹ مومن سرگودھا میں بجرم 298-C مقدمہ درج ہوا۔ مذکورہ ملزمان پر الزام تھا کہ انہوں نے جوبلی کے موقع پر چراغاں کیا۔ مذہبی رسومات ادا کیں۔ مٹھائی تقسیم کی اور خوشی کا اظہار کیا۔ جس سے غیر از جماعت کے جذبات مجروح ہوئے۔ 9 یوم اسیر رہنے کے بعد 4 جون 2008ء کو ضمانت پر رہائی عمل میں آئی۔ اب مقدمہ عدالت میں زیر سماعت ہے۔

مکرم صوبیدار مشتاق احمد صاحب ساہیوال کے خلاف 30 مئی 2008ء کو تھانہ چیچہ وطنی ضلع ساہیوال میں زیر نمبر 168 بجرم 298-C مقدمہ درج ہوا۔ اندراج مقدمہ کے ساتھ ہی گرفتاری عمل میں آئی۔ 4 یوم اسیر رہنے کے بعد 2 جون کو ضمانت پر رہائی عمل میں آئی۔ مقدمہ عدالت میں زیر سماعت ہے۔

مکرم شیر محمد صاحب، مکرم محمد راحیل صاحب اور مکرم نوید احمد صاحب کوٹلی آزاد کشمیر کے خلاف 5 جون 2008ء کو تھانہ کوٹلی میں مقدمہ درج ہوا۔ ملزمان کے خلاف بڑالی میں بیت الذکر تعمیر کرنے کا الزام تھا۔ مکرم نوید احمد صاحب اور مکرم محمد راحیل صاحب کو متبادل ملزم کے طور پر گرفتار کیا گیا تھا دو دن بعد ہی رہا ہو گئے تھے جبکہ مکرم شیر محمد صاحب 11 جولائی کو ضمانت پر ایک ہفتہ کے بعد رہا ہوئے۔ یہ مقدمہ مجموعی پر 8 احباب کے خلاف درج ہوا تھا۔

مکرم مرزا محمد یونس صاحب ربوہ کے خلاف تھانہ ربوہ میں صد سالہ خلافت جوبلی کے موقع پر 7 جون 2008ء کو جوبلی کے سٹکرز وغیرہ فروخت کرنے کے جرم میں زیر دفعات 337/H2,285,298-C مقدمہ درج ہوا۔ اندراج مقدمہ کے ساتھ ہی گرفتاری عمل میں آئی۔ جولائی 2008ء میں ایک ماہ اسیر رہنے کے بعد ضمانت پر رہائی ہوئی۔

مکرم پرویز احمد ابڑو صاحب، مکرم عبدالرشید صاحب، مکرم مبشر احمد صاحب، مکرم محمد رشید صاحب اور مکرم عدنان احمد صاحب کوٹری ضلع حیدر آباد کے خلاف 11 جون 2008ء کو 149,184,324,295-A مقدمہ درج ہوا۔ اندراج مقدمہ کے ساتھ ہی گرفتاری عمل میں آئی۔ 3 جولائی کو ضمانت پر رہائی عمل میں آئی۔ مکرم پرویز احمد ابڑو صاحب رہائی کے چند دن بعد بوجہ بیماری وفات پا گئے تھے۔ مقدمہ عدالت میں زیر سماعت ہے عرصہ اسیری 22 یوم تھا۔

مکرم طاہر ندیم صاحب اور مکرم راشد احمد صاحب چک 4 بھگوان پورہ ضلع ننکانہ صاحب

مکرم ڈاکٹر محمد اصغر و دیگر پانچ احباب جماعت کے خلاف 295-C کے تحت مقدمہ درج ہوا تھا۔ مدعی مقدمہ محمد مالک کو نامعلوم افراد نے قتل کر دیا۔ مرحوم کے ورثاء نے ان دونوں احمدی احباب کے خلاف 11 ستمبر 2008ء کو بجرم 302 مقدمہ درج کروا دیا۔ پولیس نے انتہائی تشدد کیا اور ''اقرار جرم'' کروانے کی کوشش کی۔ تاہم خدا تعالیٰ کے فضل سے معجزانہ طور پر اس قتل کے اصل ملزمان گرفتار ہو گئے اور اس طرح ان دونوں نوجوانوں کی ایک ماہ دس دن اسیری کے بعد رہائی عمل میں آئی۔

مکرم محمد شفیق صاحب کنری ضلع میر پور خاص

مکرم رانا خلیل احمد صاحب اور مکرم راشد اقبال صاحب آف کنری کے خلاف 22 ستمبر 2008ء کو

295-A,C اور انسداد دہشت گردی دفعات کے تحت مقدمہ درج ہوا۔ اول الذکر تا حال گرفتار ہیں جبکہ آخر الذکر کی درخواست برائے عبوری ضمانت دائر ہے۔

جبکہ ابتداء میں ہی مکرم محمد شفیق صاحب کو گرفتار کر لیا گیا تھا۔ 21 ستمبر 2008ء کو رہائی عمل میں آئی۔ دوران تفتیش موصوف کو انتہائی تشدد کا نشانہ بنایا گیا۔

مکرم عبدالحمید صاحب غنی صدر جماعت اور مکرم حبیب احمد صاحب مربی سلسلہ راولپنڈی کے خلاف 8 نومبر 2008ء کو تھانہ RA بازار راولپنڈی میں بجرم 298-C مقدمہ درج ہوا۔ اندراج مقدمہ کے ساتھ ہی گرفتاری عمل میں آئی۔ علاقہ مجسٹریٹ نے درخواست مسترد کر دی۔ 18 نومبر 2008ء کو سیشن کورٹ راولپنڈی سے ضمانت پر 11 یوم کی اسیری کے بعد رہائی عمل میں آئی۔ ملزمان پر الزام ہے کہ ایک احمدی کے مکان کو بطور نماز سنٹر استعمال کر رہے ہیں۔

ربوہ کے دکانداران اسیران راہ مولیٰ (16 افراد)

مکرم عبدالقدیر صاحب، مکرم منیر احمد صاحب، مکرم میاں قمر احمد صاحب، مکرم میاں اظہر احمد صاحب مکرم غلام مرتضیٰ صاحب، مکرم اسد رضوان صاحب، مکرم بشارت احمد صاحب، مکرم مدثر احمد صاحب، مکرم نصیب احمد انور صاحب، عزیزم دانیال احمد صاحب، مکرم محمد عبداللہ صاحب، مکرم آصف جمیل صاحب، مکرم اکبر لطیف صاحب، مکرم مقبول احمد گوندل صاحب، مکرم عبدالمجید سندھو صاحب، مکرم عتیق الرحمٰن صاحب۔

ان احباب کے خلاف نقشہ سحر و افطار برائے رمضان المبارک شائع کرنے پر مقدمہ درج ہوا۔ یہ مقدمہ 5 ستمبر 2008ء کو بجرم 298-B,C درج ہوا۔ مجموعی طور پر 18 احباب کو ملزم نامزد کیا گیا۔ ایک ملزم مکرم میاں لطیف احمد صاحب اندراج مقدمہ سے کافی عرصہ پہلے وفات پا چکے تھے جبکہ ایک ملزم عزیزم شاہ زیب عاصم کی عمر محض 11/12 سال ہے۔ شاہ زیب عاصم کی ضمانت کنفرم ہو گئی تھی جبکہ دیگر 16 احباب کی گرفتاری عمل میں آئی اور بعدازاں جھنگ جیل سے ضمانت پر رہائی ہوئی۔ مقدمہ زیر سماعت ہے۔

اول الذکر 8 ملزمان 5 اکتوبر 2008ء کو اندراج مقدمہ کے بعد گرفتار ہوئے اور 28 اکتوبر کو رہائی عمل میں آئی۔ آخر الذکر 8 ملزمان 28 اکتوبر کو گرفتار ہوئے اور 5 نومبر کو رہائی عمل میں آئی۔ پہلے آٹھ افراد 23 یوم تک اور دوسرے آٹھ افراد 9 یوم تک اسیر رہے۔

مکرم ناظر صاحب امور عامہ نے کہا آخر میں خاکسار مندرجہ ذیل اسیران کیلئے دعا کی درخواست کرنا چاہتا ہے جو اس وقت پاکستان کی مختلف جیلوں میں محض احمدی ہونے کے جرم میں مقید ہیں ان میں سے **مکرم چوہدری ناصر احمد صاحب، مکرم بشارت احمد صاحب اور مکرم محمد ادریس صاحب ساکنان چک سکندر ضلع گجرات** اس وقت جہلم جیل میں قتل کے ایک بے بنیاد الزام کے تحت گرفتار ہیں۔ سیشن کورٹ نے سزائے موت کا فیصلہ دیا ہے جس کے خلاف ہائی کورٹ میں اپیل دائر ہے لیکن تا حال تاریخ کا تعین نہیں ہوا۔ یہ تینوں بھائی اسیری کے دن گزار رہے ہیں۔

مکرم محمد اقبال صاحب چک 227 گ ب ضلع فیصل آباد اس وقت فیصل آباد جیل میں 295-C کے الزام کے تحت گرفتار ہیں۔ سیشن کورٹ سے عمر قید کی سزا ہوئی ہے جس کے خلاف اپیل ہائی کورٹ میں دائر کی گئی ہے لیکن تا حال تاریخ کا تعین نہیں ہوا۔ جیل میں ہیں۔

مکرم ڈاکٹر محمد اصغر صاحب چک 4 بھگوان پورہ ضلع ننکانہ صاحب اس وقت شیخوپورہ جیل میں 295-C کے الزام کے تحت گرفتار ہوئے ہیں۔ ہائی کورٹ میں ضمانت کی درخواست دی گئی ہے۔

مکرم خلیل احمد صاحب اور مکرم راشد اقبال صاحب آف کنری ضلع میرپور خاص سال رواں میں 295-A, 295-C اور انسداد دہشت گردی کی دفعات کے تحت گرفتار ہوئے ہیں۔ سیشن کورٹ سے ضمانت کی درخواست مسترد ہونے کے بعد ہائی کورٹ میں اپیل دائر ہے۔

مکرم محمد اشفاق صاحب سرائے سدھو خانیوال دفعہ 302 قتل کے الزام میں گرفتار ہیں۔ ان تمام اسیران راہ مولیٰ کی جلد تر باعزت رہائی کیلئے دعا کی درخواست ہے۔

اس تقریب میں ربوہ اور بیرون ربوہ سے کثیر تعداد میں مہمانان شریک ہوئے تھے۔ سبزہ زار میں بڑی مارکیز لگائی گئی تھیں جنوبی طرف پچاس سے زائد کرسیاں اور میزیں سجا کر سٹیج بنایا گیا تھا۔ جہاں معزز مہمانان اور اسیران تشریف فرما تھے اور دیگر مہمانان کیلئے گول میزیں اور ان کے گرد کرسیاں بچھا کر انتظام کیا گیا تھا۔ مکرم ناظر صاحب امور عامہ کی رپورٹ کے بعد محترم مہمان خصوصی نے اختتامی کلمات کے بعد دعا کرائی۔ جس کے بعد اسیران و مہمانان کی خدمت میں ظہرانہ دیا گیا۔

بقیہ صفحہ 4

مقام رکھتے تھے۔ آپؓ نے آنحضرت ﷺ کی گود میں پرورش پائی تھی۔ اس لحاظ سے حضرت حسینؓ علم الٰہی کے بڑے فاضل تھے۔ آپؓ افصح العرب کے نواسے تھے اس لئے فصاحت، بلاغت، خطابت اور حسن بیان میں یکتا تھے۔ فیاضی آپؓ کی خاص صفت تھی۔ نہایت کثرت کے ساتھ لوگوں سے حسن سلوک کرتے اور ان کو ان کی توقع سے بڑھ کر دیتے کبھی کسی سائل کو اپنے دروازے سے مایوس نہ لوٹاتے۔ ایک مرتبہ ایک بہت ہی ضرورت مند آپؓ کے پاس آیا اور اپنی ضرورت کا اظہار کیا۔ آپؓ نے فوراً دو سو درہموں کی تھیلی اس کے حوالے کر دی۔ جس کے بعد خود اپنے پاس اتنا بھی نہ رہا کہ رات کے کھانے کا گزارہ چل سکتا۔ حضرت اسامہ بن زیدؓ کا آخری وقت آیا تو کہنے لگے کہ مجھ پر ساٹھ ہزار کا قرض ہے کاش مرنے سے پہلے یہ قرض ادا ہو جاتا تا کہ جان آسانی سے نکل جاتی۔ حضرت حسینؓ پاس بیٹھے تھے۔ یہ سن کر آپؓ گھر تشریف لائے اور اسامہؓ کا سارا قرضہ بے باق کر دیا۔ ایک مرتبہ فرزدق شاعر کو ایک بھاری رقم انعام دی بڑے بھائی نے سنا تو نصیحت کی کہ ایسی فضول خرچی تمہیں زیبا نہیں۔ آپؓ نے مسکرا کر جواب دیا۔ آدمی کے لئے سب سے اچھا اور سب سے بہتر مال وہی ہے جسے خرچ کر کے آدمی اپنی عزت بچا لے۔ حضرت انس بن مالکؓ کی روایت ہے کہ ایک مرتبہ وہ امام حسینؓ کے پاس بیٹھے تھے کہ ایک لونڈی پھولوں کا گلدستہ لئے داخل ہوئی اور اس نے امام کو یہ گلدستہ پیش کرتے ہوئے سلام کیا۔ امام حسینؓ نے فرمایا ''میں تجھے خدا کی راہ میں آزاد کرتا ہوں''۔ حضرت انسؓ کہتے ہیں کہ مجھے اس بات پر سخت حیرت ہوئی۔ انہوں نے امام حسینؓ سے عرض کیا تعجب ہے کہ ایک لونڈی پھولوں کا ہدیہ پیش کرتی ہے اور آپؓ اس کے جواب میں اس کو آزاد کر دیتے ہیں۔ امام حسینؓ نے جواب دیا۔ خدا تعالیٰ نے ہم کو یہی آداب سکھائے ہیں اور یہ آیت تلاوت کی و اذا حییتم بتحیة امام حسینؓ نے فرمایا مَیں نے اس کو آزاد کر دیا۔ اس سے بہتر سلام کا جواب اور کیا ہو سکتا ہے۔

باوجود نہایت خوش اخلاق اور ملنسار ہونے کے وقار اور سکینت آپ کا خاص وصف تھا۔ لوگوں پر آپ کی ہیبت اور رعب ایسا طاری تھا کہ جب لوگ آپ کی مجلس میں بیٹھتے تھے تو نہایت ہی ادب و احترام کے ساتھ خاموش رہتے تھے اور کسی کو آپ کے سامنے بلند آواز سے بے محابا بولنے اور بات کرنے کی جرأت نہ ہوتی تھی۔ اس ضمن میں ایک دلچسپ واقعہ ہے کہ ایک مرتبہ کسی شخص نے دمشق سے اپنی کسی ضرورت کے لئے حضرت حسینؓ کے پاس مدینہ آنا چاہا۔ اسے آپ سے کچھ کام تھا مگر وہ آپ کو پہچانتا نہیں تھا۔ اس لئے حضرت معاویہؓ کے پاس گیا تا کہ ان سے آپ کے متعلق مفصل معلومات حاصل کرے۔ حضرت معاویہؓ نے اسے بتایا دیکھو میاں! مدینہ پہنچ کر سیدھے مسجد نبوی میں چلے جانا۔ وہاں مختلف حلقوں میں مختلف لوگ بیٹھے ہوئے درس و تدریس اور تعلیم و تعلّم میں مصروف ہوں گے۔ ان میں سے جو حلقہ ایسا ہو کہ اس کے سارے اشخاص نہایت خاموش مؤدب اور چپ چاپ بڑے ادب و احترام سے بالکل ساکت بیٹھے ہوں ایسے ساکن حلقہ کے درمیان جو شخص نہایت پُر وقار طریقہ سے تمہیں بیٹھا نظر آئے وہی حسینؓ ہوگا۔ پس تمہیں کسی سے پوچھنے کی ضرورت نہیں ہوگی۔ تم خود ہی اسے پہچان لو گے۔ مگر یہ وقار اور تمکنت کی عادت غرور اور تکبر تک ہرگز نہیں پہنچی ہوئی تھی بلکہ پورے طور پر اپنے درجے اور مرتبے کا لحاظ رکھنے کے باوجود آپ نہایت منکسر المزاج اور سادہ مزاج واقع ہوئے تھے۔ بہت ادنیٰ درجہ کے لوگوں اور غلاموں تک سے نہایت لطف و مدارات سے پیش آتے اور بڑی خندہ پیشانی کے ساتھ ان سے باتیں کرتے تھے۔ امیروں کی نسبت غریبوں سے زیادہ تعلق رکھتے اور محفل میں بڑے آدمیوں کی نسبت چھوٹے آدمیوں پر زیادہ توجہ دیتے تھے۔ انکساری اور سادگی طبیعت میں کوٹ کوٹ کر بھری ہوئی تھی۔ ایک مرتبہ سواری پر کہیں تشریف لے جا رہے تھے۔ راستہ میں ایک جگہ چند غریب آدمی بیٹھے کھانا کھا رہے تھے۔ آپؓ کو دیکھ کر انہوں نے کہا۔ آیئے آپ بھی اتر کر ہمارے ساتھ کھانے میں شمولیت فرمائیں۔ اس پر بلا تکلف زمین پر بیٹھ کر ان غرباء کے ساتھ کھانا کھانے لگ گئے اور جب کھا چکے تو یہ کہہ کر سوار ہو گئے کہ ''خدا متکبر اور مغرور لوگوں کو نہایت ناپسند کرتا ہے''۔

عزم کی پختگی، ارادہ کی مضبوطی، حق و صداقت پر قیام، منافقت سے احتراز، اپنے مؤقف پر استقلال، ایثار و قربانی اور مصائب و آلام کی برداشت کے جو محیر العقول نمونے اور شواہد آپ نے اپنی زندگی میں دکھائے ہیں ان میں بلاشبہ آپ کے کردار کی مضبوطی کا بے پناہ اثر پیدا ہوتا ہے۔ سیدنا حضرت مسیح موعود حضرت امام حسینؓ کو ان الفاظ میں شاندار خراج تحسین پیش فرماتے ہیں۔

''حسینؓ طاہر و مطہر تھا اور بلاشبہ وہ ان برگزیدوں میں سے ہے جن کو خدا تعالیٰ اپنے ہاتھ سے صاف کرتا اور اپنی محبت سے معمور کر دیتا ہے اور بلاشبہ وہ سرداران بہشت میں سے ہے اور ایک ذرہ کینہ رکھنا اس سے موجب سلب ایمان ہے۔ اور اس امام کی تقویٰ اور محبت الٰہی اور صبر اور استقامت اور زہد اور عبادت ہمارے لئے اسوۂ حسنہ ہے۔ اور ہم اس معصوم کی ہدایت کے اقتداء کرنے والے ہیں جو اس کو ملی تھی۔ تباہ ہو گیا وہ دل جو اس کا دشمن ہے اور کامیاب ہو گیا وہ دل جو عملی رنگ میں اس کی محبت ظاہر کرتا ہے اور اس کے ایمان اور اخلاق اور شجاعت اور تقویٰ اور استقامت اور محبت الٰہی کے تمام نقوش انعکاسی طور پر کامل پیروی کے ساتھ اپنے اندر لیتا ہے جیسا کہ ایک صاف آئینہ میں ایک خوبصورت انسان کا نقش۔ یہ لوگ دنیا کی آنکھوں سے پوشیدہ ہیں۔ کون جانتا ہے ان کا قدر مگر وہی جو ان میں سے ہیں۔ دنیا کی آنکھ ان کو شناخت نہیں کر سکتی کیونکہ وہ دنیا سے بہت دور ہیں۔ یہی وجہ حسینؓ کی شہادت کی تھی کیونکہ وہ شناخت نہیں کیا گیا۔ دنیا نے کس پاک اور برگزیدہ سے اس کے زمانہ میں محبت کی تا حسینؓ سے بھی محبت کی جاتی۔ غرض یہ امر نہایت درجہ کی شقاوت اور بے ایمانی میں داخل ہے کہ حسین رضی اللہ عنہ کی تحقیر کی جائے۔ اور جو شخص حسینؓ یا کسی اور بزرگ کی جو ائمہ مطہرین میں سے ہے تحقیر کرتا ہے یا کوئی کلمہ استخفاف کا اس کی نسبت اپنی زبان پر لاتا ہے وہ اپنے ایمان کو ضائع کرتا ہے۔ کیونکہ اللہ جلشانہ اس شخص کا دشمن ہو جاتا ہے جو اس کے برگزیدوں اور پیاروں کا دشمن ہے''۔

(مجموعہ اشتہارات جلد سوم صفحہ 545)

مکرم نذیر احمد سانول صاحب

داڑھی رکھنے کی حکمتیں

داڑھی رکھنا انسانی فطرت میں شامل ہے

سیّد ولد آدم فخر المرسلین خاتم النّبیین رسولِ مجتبیٰ محمدؐ مصطفٰے صلی اللہ علیہ وسلم کو خدائے ارض وسماء نے بنی نوع انسان کے لئے بہترین نمونہ بنا کر بھیجا ہے۔ مزید تاکید فرمائی ہے کہ اگر کوئی انسان مجھ سے محبت کرنا چاہتا ہے تو حضرت اقدس محمدؐ رسول اللہ سے پیروی کا تعلق پیدا کرے وہ انداز اپنائے جن کو آپؐ نے پسند فرمایا، ان راہوں پر قدم مارے جو نقوش آپؐ نے چھوڑے، وہ راہیں تلاش کرے جو آپؐ نے مقرر فرمائیں۔ اپنا خیال رسول پاکؐ کے خیال کے تابع کرے اپنی سوچ محبوبؐ خدا کی سوچوں کے نیچے لائے۔ اپنی طرز رحمۃ اللعالمین کی طرز بنائے ہر وہ کام کرگزرے جو آپؐ کیا کرتے تھے۔ اپنی بود و باش، اپنا چال چلن اپنی رفتار و گفتار اور طریق و اطوار وہی رکھے جو ہمارے آقا مولیٰ ﷺ کا تھا۔

اللہ تعالیٰ نے سورۃ الحشر میں ارشاد فرمایا ہے۔ کہ ’’رسول خدا جو (نمونہ) تم کو دے اس کو لے لو اور جس سے منع کرے اس سے رک جاؤ۔‘‘ (الحشر آیت: 8)

سیرۃ نگاروں نے جو پیاری شکل وصورت آپؐ کی بیان فرمائی ہے اس میں تحریر فرمایا ہے کہ آپؐ نے داڑھی مبارک رکھی ہوئی تھی اور آپؐ اپنے صحابہؓ کو بھی اس کی تلقین فرمایا کرتے تھے۔ جتنے صحابہؓ کی شبیہہ کا ذکر ہوا تو داڑھی کا تذکرہ ضرور آیا۔

خلفاء راشدین نے بھی اپنے چہروں کو داڑھی سے مزین کیا ہوا تھا۔ امت محمدیہ میں جتنے اولیاء، صلحاء اور محبان محمد مصطفٰے ﷺ گذرے ہیں سب کی سیرۃ میں اس سنت نبویؐ یعنی داڑھی کا ضرور ذکر کیا گیا ہے۔

اس زمانہ میں حضرت مسیح موعود نے نہ صرف داڑھی رکھی بلکہ فرمایا ’’جسے ہمارے ساتھ محبت ہوگی وہ خود رکھے گا ہماری داڑھی ہے‘‘ پھر آپ کے خلفاء کرام بھی داڑھی رکھتے ہیں۔

سورۃ طٰہٰ آیت 95 سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت ہارونؑ کی بھی داڑھی تھی۔

حضرت رسول پاکؐ کا ارشاد

مونچھیں ترشوایا کرو یعنی چھوٹی رکھا کرو اور داڑھیوں کو بڑھایا کرو۔ (النسائی)

حدیث شریف میں حضرت حسن بن علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنے ماموں ہند بن ابی ہالہ کے حوالہ سے بیان کرتے ہیں کہ

’’آپؐ کی ریش مبارک گھنی تھی‘‘

(شمائل ترمذی باب فی خلق رسول اللہؐ)

ایک حدیث پاک میں ارشاد ہوتا ہے کہ آنحضرت ﷺ ایک دن مسجد میں تشریف فرما تھے کہ ایک شخص پراگندہ بال اور بکھری داڑھی والا آیا۔ رسول اللہ ﷺ نے اسے اشارہ سے سمجھاتے ہوئے فرمایا سر کے اور داڑھی کے بال درست کرو۔ جب وہ سر کے بال ٹھیک ٹھاک کر کے آیا تو رسول اللہؐ نے فرمایا کیا یہ بھلی شکل بہتر ہے یا یہ کہ انسان کے بال اس طرح بکھرے اور پراگندہ ہوں کہ شیطان اور بھوت لگے۔

(موطا امام مالک جامع ماجاء فی الطام والشرب واصلاح الشعر)

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی حضرت مسیح موعود کے حوالہ سے فرماتے ہیں۔

داڑھی رکھنے کا مسئلہ آپؐ نے فرمایا۔ کہ ہم تو نصیحت کر دیتے ہیں جسے ہمارے ساتھ محبت ہوگی وہ خود رکھے گا۔ ہماری داڑھی ہے اور جو ہمارے ساتھ محبت کرے گا، وہ خود رکھ لے گا۔ تو کیا اس کے یہ معنی ہیں کہ اب ہمیں داڑھی رکھنے پر کوئی زور نہیں دینا چاہئے۔

(مشعل راہ جلد اول ص 38)

درخت اپنے پھل سے پہچانا جاتا ہے انسان کو ایسے عمل کرنا چاہئے جس سے اپنے مذہب دین اور شعائر کی عکاسی و ترجمانی ہوتی ہو اور وہ تعارف بن جائے حضرت مصلح موعود فرماتے ہیں!

’’اگر تم کسی کو ’’ہیٹ‘‘ پہنے دیکھو گے تو کہو گے وہ دیکھو انگریز بنا پھرتا ہے لیکن اپنے منہ پر دیکھو تو وہاں انگریزیت پائی جاتی ہوگی داڑھی منڈوائی ہوئی ہوگی تم سر سے انگریز نہیں ہوگے تو منہ سے انگریز بنے ہوئے ہوگے‘‘۔

(فرمودہ 31 اکتوبر 1949ء بحوالہ مشعل راہ ص 545)

حضرت عبداللہ بن عباسؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے ایسی عورتوں پر لعنت بھیجی ہے جو مردوں کی مشابہت اختیار کرتی ہیں اور ایسے مردوں پر بھی لعنت بھیجی ہے جو عورتوں کی مشابہت اختیار کرتے ہیں یعنی عورتیں مردانہ اور مرد زنانہ لباس اور انداز بود و باش اختیار نہ کریں۔

(ابوداؤد کتاب اللباس باب فی اللباس بالنساء)

داڑھی رکھنے کی حکمتیں

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثانی فرماتے ہیں۔

دین حق کے تمام احکام میں کوئی نہ کوئی حکمت ہوتی ہے اور حکم میں کوئی نہ کوئی مصلحت ہوتی ہے۔ کوئی ایک بھی بغیر مصلحت کے نہیں۔ داڑھی رکھنے میں بھی کئی حکمتیں اور کئی مصالح ہیں۔ یہ جسمانی صحت کے لئے مفید ہے اور جماعتی تنظیم کے لئے بھی بہت فائدہ مند ہے۔ سکھوں کے کیس اور داڑھی پر سختی سے پابند ہونے کی وجہ سے کوئی شخص ان کے مذہب پر حملہ نہیں کرتا کیونکہ لوگ سمجھتے ہیں کہ جو لوگ داڑھی اور کیس پر اس قدر سختی سے پابند ہیں اور اس معاملہ میں دخل اندازی کو پسند نہیں کرتے، اگر ان کی کسی مذہبی بات میں دخل اندازی کی تو وہ یقیناً کٹ مریں گے۔ اسی طرح ہماری جماعت میں بھی دینی شعائر کو قائم رکھنے کا احساس ہو جائے اور وہ سختی سے اس پر پابند ہو جائے تو یقیناً اس کا بھی لوگوں کے دلوں میں رعب ہو جائے گا۔ اور یہ لوگ سمجھنے لگ جائیں گے کہ یہ لوگ اپنی بات کے پکے ہیں اور کسی کی رائے کی پرواہ نہیں کرتے۔ جب یہ لوگ داڑھی کے معاملہ میں اس قدر سختی سے پابند ہیں اور باقی دین کے وہ کیوں پابند نہ ہوں گے۔ اگر ہم نے ان کے کسی دینی بات میں دخل اندازی کی تو یہ لوگ مر جائیں گے مگر اپنی بات کو پورا کر کے چھوڑیں گے۔ اس کے مقابل میں اگر لوگ یہ دیکھیں کہ تم لوگوں کی باتوں سے ڈر کر داڑھی منڈوا دیتے ہو یا چھوٹی کر لیتے ہو تو وہ خیال کریں گے جو لوگ دنیا کی باتوں سے ڈر جاتے ہیں، وہ گورنمنٹ کے قانون اور پولیس کے ڈنڈے سے کیوں مرعوب نہ ہوں گے۔ تمہارا داڑھیوں کے معاملہ میں کمزوری دکھانا جماعت کے رعب اور اثر کو بڑھانے کا موجب نہیں بلکہ رعب اور اثر کو گھٹانے کا موجب ہے۔ (مشعل راہ۔ طبع جدید صفحہ 403)

حضرت مصلح موعود نوجوانوں کو تنبیہ کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔

’’میں دیکھتا ہوں کہ نوجوانوں کے چہروں سے داڑھیاں غائب ہوتی جا رہی ہیں۔ وہ دن بدن ان کو چھوٹا کرتے جا رہے ہیں حالانکہ ہم نے خشخشی کی اجازت تو ان لوگوں کو دی تھی جو استرا پھیرتے تھے انہیں کہا گیا تھا تم استرا نہ پھیرو اور چھوٹی چھوٹی خشخشی داڑھی ہی رکھ لو لیکن یہ جواز استرا والوں کے لئے تھا اس پر دوسرے لوگوں نے بھی عمل کرنا شروع کر دیا اور جن کی بڑی داڑھیاں تھیں ان میں سے بھی بعض نے اس جواز سے فائدہ اٹھاتے ہوئے خشخشی کر لیں حالانکہ یہ جواز کمزوروں کے لئے ہوتا ہے۔ ہمارا مطلب تو یہ تھا کہ جب استرا پھیرنے والے خشخشی داڑھیاں رکھ لیں گے تو ہم انہیں کہیں گے اب اور زیادہ بڑھاؤ اور آہستہ آہستہ وہ بڑی داڑھی رکھنے کے عادی ہو جائیں گے لیکن اس جواز کا الٹا مطلب لیتے ہوئے بعض لوگوں نے داڑھیاں بڑھانے کے خشخشی کر لیں۔

اگر ایک مریض کو ڈاکٹر شوربا پینے کے لئے کہے تو کیا تم نے کبھی دیکھا ہے کہ پولیس ڈنڈے لے کر تمام لوگوں کو شوربا پینے پر مجبور کرے کہ ڈاکٹر کا حکم ہے کہ شوربا دینا چاہئے۔ ڈاکٹر کا حکم تو مریض کے متعلق ہے نہ کہ دوسروں کے لئے چونکہ لوگ داڑھی منڈوانے کے عادی ہوتے ہیں وہ یکدم داڑھی نہیں رکھ سکتے اس لئے ہم نے ان کو اجازت دے دی کہ اچھا تم خشخشی رکھ لو اس سے ہمارا یہ مطلب ہرگز نہیں تھا کہ جن کی داڑھیاں بڑی ہیں وہ بھی خشخشی کر لیں۔‘‘

(خطبہ جمعہ فرمودہ 14 فروری 1945ء بحوالہ مشعل راہ ص 401)

ایک نومبائع انگریز کی مثال

اچھے کام سے شرمانا بزدلی ہے اور دینی احکام سے روگردانی کرنا ایمانی کمزوری ہے۔

حضرت مصلح موعود فرماتے ہیں۔

’’پھر کتنے شرم کی بات ہے کہ ایک انگریز جو یہاں (ـ) ہوا۔ اس نے (ـ) ہونے کے بعد داڑھی رکھ لی انگریزوں میں سب ہی داڑھی منڈواتے ہیں۔ اس نے (ـ) قبول کرنے کے بعد اپنی قربانی کا ثبوت دیا کہ میں (ـ) کے احکام پر عمل کر کے دکھا سکتا ہوں۔ اس کو اس کے ملک کے لوگوں نے حیرت کی نظر سے دیکھا اور ولایت کے اخباروں میں اس کے متعلق نوٹ بھی شائع ہوئے۔ بعض لوگوں نے اس سے پوچھا کہ تم داڑھی رکھتے ہو لیکن لباس انگریزی پہنتے ہو۔ اس کی وجہ کیا ہے تو اس نے جواب دیا کہ کپڑوں کے متعلق مجھے (ـ) نے کوئی خاص حکم نہیں دیا اور نہ (ـ) مجھے ان کپڑوں کے پہننے سے منع کرتا ہے لیکن (ـ) مجھے داڑھی رکھنے کا حکم دیتا ہے اس لئے میں نے داڑھی رکھی ہوئی ہے.......... لوگوں کو تمہارے اندرونے کی صفائی کے متعلق کیا علم ہو سکتا ہے ان کی نظر تو ظاہر پر ہی پڑتی ہے۔ اگر تم ظاہر کو درست نہیں کرتے تو لوگ تمہارے دلوں کی صفائی کے بھی قائل نہیں ہو سکتے۔‘‘

(خطبہ جمعہ 14 فروری 1945ء بحوالہ مشعل راہ ص 402)

پھر فرمایا

’’بہت سے نوجوان اس مرض میں مبتلا ہیں کہ وہ مغربی تہذیب اور مغربی تمدن کے دلدادہ ہو رہے ہیں۔ وہ اپنے سروں کے بال، اپنی داڑھیوں اور اپنے لباس میں مغرب کی نقل کرنا ضروری سمجھتے ہیں۔ نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ ان کی شکل کافروں والی بن جاتی ہے اور رسول ﷺ فرماتے ہیں (ـ) جو شخص اپنی ظاہری شکل کسی اور قوم کی طرح رکھتا ہے وہ ہم میں سے نہیں۔ یعنی جب ہم کسی کو دیکھیں گے کہ اس کی شکل ہندوؤں سے ملتی ہے یا عیسائیوں سے ملتی ہے تو ہمیں اس پر اعتبار نہیں آئے گا اور ہم سمجھیں گے کہ یہ بھی انہیں سے ملا ہوا ہے اور جب ہمیں اعتبار نہیں آئے گا تو یہ لازمی بات ہے کہ کوئی ذمہ واری کا کام اس کے سپرد نہیں کیا جائے گا اور اس طرح وہ نیکی کے بہت سے کاموں سے محروم ہو جائے گا۔ پس میں نوجوانوں سے کہتا ہوں کہ وہ مومن دل اور مومن شکل بنائیں۔ (مشعل راہ جلد اول ص 339)

آپ نے مزید فرمایا

پس میں خدام الاحمدیہ اور انصار اللہ دونوں کو توجہ دلاتا ہوں کہ وہ اپنے اپنے حلقہ میں داڑھی کے متعلق خوب پراپیگنڈہ کریں۔ خدام نوجوانوں کو سمجھائیں اور انصار اللہ بڑوں کو سمجھائیں اور یہ کوشش کی جائے کہ جو شخص داڑھی منڈواتا ہے، وہ خشخشی داڑھی رکھے اور جو خشخشی رکھتا ہے وہ ایک انچ یا آدھ انچ بڑھائے پھر ترقی کرتے کرتے سب کی داڑھی حقیقی داڑھی ہو جائے۔

(مشعل راہ جلد نمبر اول ص نمبر 402)

اللہ تعالیٰ ہم سب کو اس پیاری سنت پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جا رہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 93864 میں اسرار احمد

ولد اشفاق احمد بسراء قوم بسراء پیشہ طالب علم عمر 15 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن گھٹیالیاں ضلع سیالکوٹ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 30-11-08 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/500 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ منظوری سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ اِسرار احمد۔ گواہ شد نمبر 1 ظہیر احمد۔ گواہ شد نمبر 2 اسد منیر

مسل نمبر 93865 میں اسد منیر

